جناب فضیلۃ الشیخ فضلی صاحب کے دو گھنٹے سے زائد خطاب کا ایک ایک لفظ عالم دین، مدرس، مربی اور داعی الی اللہ کے لیے مشعلِ راہ اور گوہر یکتا کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہر بات قرآن وسنت کے دلائل، اقوال زریں اور جستہ جستہ تاریخی واقعات اور دعوت وتبلیغ کی راہ میں ذاتی تجربات کے خلاصے سے مزین تھی۔

شرکائے اجلاس علمائے دین نے مسلمانوں کے فلاح و بہبود اور انسانی ہمدردی کے شعبوں میں مملکت سعودی عرب کی شاندار خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ امیر جماعت مولانا عبد الرحمٰن حنیف صاحب اور مولانا حافظ عبید الرحمٰن مدنی صاحب کے ساتھ اتفاق کرتے ہوئے مملکت سعودی عرب کی پالیسیوں کی مکمل حمایت کا اظہار کیا۔

نائب مدیر اعلیٰ مولانا حافظ عبید الرحمٰن مدنی نے رائد الأمة الإسلامية، خادم الحرمين الشريفين عبد الله بن عبد العزيز، ولي العهد شهزاده سلمان بن عبد العزيز، وزارة الشئون الإسلامية والاوقاف والدعوة والارشاد، مکتب الدعوۃ اسلام آباد کے مدیر الشیخ أبو سعد محمد بن سعد الدوسري، محترم متعب بن محمد الجديعي اور مہمان گرامی جناب ابراہیم خلیل الفضلی کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

تمام شرکاء جلسہ نے أسد السنة ولی عہد شہزادہ نايف بن عبد العزيز کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے خادم الحرمین الشریفین عبد الله بن عبد العزيز اور حکمران خاندان سے تعزیت کی۔ اور مرحوم کے لیے رفع درجات وقبول حسنات کی دعاؤں کے ساتھ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

امیر محترم پروفیسر سینیٹر ساجد میر حفظہ اللہ کی خدمت میں

مبارک باد

امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان جناب سینیٹر ساجد میر صاحب کو بلا مقابلہ سینیٹ میں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ بلاشبہ آپ کی ذمہ داری پہلے سے زیادہ بڑھ گئی ہے۔ اور ملت وملک کی مزید خدمت کرنے کا زریں موقع ملا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کو عزم وہمت سے نوازے۔

جمعیت اهل حدیث بلتستان، مجلة الترّاث